[This question paper contains 4 printed pages.]

**Your Roll No................**

**Sr. No. of Question Paper : 11411**

Unique Paper Code : 2141001003

Name of the Paper : Urdu – C

Name of the Course : **AEC**

Semester : I

Duration : 2 Hours    Maximum Marks : 60

**Instructions for Candidates**

1. Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

۱۔ دیے ہوئے شعروں میں سے وہ الفاظ تلاش کر کے لکھیے جن میں 'ھ' کا استعمال ہوا ہے۔ ۶

کہتے ہیں یہ مجھ سے کہ ذرا دوست، اِدھر آؤ
آجاؤ، دکھائیں تمھیں جنّت کے نظارے

کرنوں کی چمکتی ہوئی سیڑھی پہ میں چڑھ کر
امّی! دو اِجازت مجھے، چُن لاؤں یہ سارے

جانے دو مجھے، جا کے ذرا جیب کو بھر لاؤں
آدھے یہ مرے ہوں گے تو آدھے یہ تمہارے

۲۔ ان واحد لفظوں کی جمع لکھیے۔ ۱۰

صدا، ڈالی، بالی، گڑیا، چیز، ندی، تارا، آنکھ، پیادہ، تقدیر

*P.T.O.*

۳۔ ان لفظوں کے متضاد (اُلٹے) الفاظ لکھیے۔ ۱۰

بُرا، پاس، نادان، اپنا، جنگ، بادشاہ، اُجالا، اونچا، جاگنا، پیادہ، بہتر

۴۔ کوئی سے تین محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ ۹

پیٹ میں چوہے دوڑنا، آسمان سر پر اٹھانا، کانا پھوسی کرنا،

ہچکی بندھنا، لال پیلا ہونا، آسمان سے باتیں کرنا

۵۔ دیے ہوئے سوالوں کے صحیح جواب کو چن کر لکھیے۔ ۵

(i) صحیح لفظ سے مصرع پورا کیجیے۔

ہم کو ان سے ......... کی ہے امید

(a) رضا (b) وفا (c) ناداں

(ii) نظم سارے دنیا کے مالک کس شاعر کی ہے؟

(a) غالب (b) نظیر اکبر آبادی (c) حالی

(iii) صحیح لفظ سے مصرعہ پورا کیجیے۔

-------------ہاتھ آئے تو برا کیا ہے

(a) خالی (b) محبوب (c) مفت

(iv) ننھی پجارن کی آنکھوں میں نیند کیوں بھری ہے؟

(a) رات کو نیند نہیں آئی (b) وقت سے پہلے جاگ گئی (c) سوتی ہی رہتی ہے

(v) غزل کے پہلے شعر کو کیا کہتے ہیں؟

(a) قافیہ (b) مطلع (c) مقطع

**۶۔ نیچے دیئے ہوئے سوالوں میں سے دو کے جواب لکھیے۔** ۱۰

(i) مولانا آزاد کے مطابق کامرانی کا راز کیا ہے؟

(ii) شاعر نے چاندنی کے گھبرانے کی کیا وجہ بیان کی ہے؟

(iii) ہزاروں سال لمبی رات کہانی میں سننے والے لوگ آخر میں بوڑھے پر کیوں ناراض ہوئے؟

(iv) ننھی پجارن کا من گڑیا گھر میں کیوں ہے؟

**۷۔ کسی ایک حصے کی تشریح کیجیے۔** ۱۰

**(الف)**

کوئی ایسی بات اگر ہوئی کہ تمہارے جی کو بری لگی
تو بیاں سے پہلے ہی بھولنا، تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

جسے آپ گنتے تھے آشنا، جسے آپ کہتے تھے باوفا
میں وہی ہوں مومنؔ مبتلا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

(ب)

دریا کنارے دیکھنا
پانی میں تارے دیکھنا
تاروں کو دامن میں لیے
کیا کیا نظارے دیکھنا
دکھلا رہی ہے چاندنی!